1825 ـ مسلمان عورت کی ایسے غیر مسلم مرد سے شادی جس کے مسلمان ہونے کی امید ہو

سوال

مسلمان عورت کی کسی غیر مسلم سے شادی کا حکم کیا ہے ، اورخاص کر جب شادی کے بعد اس غیر مسلم کے مسلمان ہونے کی امید ہو ؟
بہت سی مسلمان عورتیں یہ دعوی کرتی ہیں کہ ان کے لیے غالب طور پر مسلمانوں میں شادی کے لیے مناسب لڑکا نہیں ملتا ، اوران عورتوں کا غلط راستے پر چلنے کا خدشہ ہے یا پھر وہ بہت ہی شدید قسم کے حالات میں رہ رہی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کتاب و سنت اوراجماع کے اعتبار سے مسلمان عورت کا کسی بھی غیر مسلم سے شادی کرنا منع ہے ۔

اس کی مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (689) کا جواب ضرور دیکھیں ۔

اوراگر ایسا ہو جائے تو یہ نکاح باطل ہوگا ، نکاح کی وجہ سے جو شرعی احکام لاگو ہوتے ہیں وہ وہ اس پر لاگو نہیں ہوں گے ، اس نکاح سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ غیر شرعی ہوگی ، اورخاوند کے اسلام کی امید اس حکم کوکچھ بھی بدل نہیں سکتی ۔

واللہ اعلم .